# لائف انشورنس کے بارے میں فتوی

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیاانگلینڈ میں لائف انشورنس پولیسی لینا جائز ہے؟

سائل: فیضان یوکے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

لائف انشورنس کے لیے کمپنی کے پاس جمع شدہ لوگوں کے مال کی حثییت قرض کی ہے۔اس پر جو نفع ملے گا وہ ربا ہے کیونکہ وہ مشروط بالعقد تھا۔اور ہر وہ قرض جو نفع لائے وہ سود ہے۔ جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ **قَالَ رَسُولُ اللہ صَلَّی اللہ عَلَیہِ وسَلَّم کُلُّ قَرْضٍ جَرَّ مَنْفَعَۃً فَھُوَ رِبًا.** [الجامع الصغیر للسیوطی ج۲ حدیث نمبر 6336 ص 283]

اوراس کے ساتھ ساتھ لائف انشورنس قمار [جوا] بھی ہے۔ کیونکہ اس میں اگر کوئی پالیسی ہولڈر کی ایک قسط بھی جمع ہونے سے رہ گئی تو لائف انشورنس کمپنی اس کی تمام اقساط ضبط کرلے گی۔ لہٰذا لائف انشورنس ناجائز و حرام ہے۔

سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن لائف انشورنس کے بارے میں پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ نرا قمار ہے اس میں ایک حد تک روپیہ ضائع بھی جاتا ہے اور وہ منافع موہوم جس کی امید پر دین اگر ملے بھی تو کمپنی بیوقوف نہیں کہ گرہ سے ہزار ڈیڑھ ہزار دے بلکہ وہ وہی روپیہ ہوگا جو اوروں کا ضائع گیا، اور ان میں مسلمان بھی ہوں گے تو کوئی وجہ اس کی حلت کی نہیں، **قال اللہ تعالٰی لاتاکلوا اموالکم بینکم بالباطل۔** اللہ تعالٰی نے فرمایا: آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق طور مت کھاؤ۔ [البقرۃ:۱۸۸]

[فتاوی رضویہ ج۱۷ ص۳۸۱]

مگر کسی کافر ملک میں لائف انشورنس چند شرائط کے ساتھ جائز ہو سکتی ہے۔

[1]: جو کمپنی لائف انشورنس کرتی ہے وہ مکمل کفار کی کمپنی ہو اس میں ایک بھی مسلمان شریک Partner نہ ہو۔

[2]: اس میں مسلمان کا نفع یقینی ہو یعنی لائف انشورنس کروانے والے مسلمان کو اپنی موجودہ حالت کے ساتھ تین سال کی مدت مقررہ یا اس کے بعد کی مدت موسعہ تک تین سال کی تمام قسطیں مسلسل جمع کروانے کا ظن غالب ہو۔ کیونکہ غیر مسلم کے ساتھ عقد فاسد کرنے کی اجازت اسی وقت ہے جب مسلمان کا فائدہ یقینی ہو اور اگر تین سال سے قبل پولیسی ختم کرے گا تو اس کی ساری رقم ضائع ہو جائے گی اور یہ مسلمان کا نقصان ہے۔

[3]: اس کے سبب کسی معصیت پر مجبور نہ کیا جاتا ہو۔

جیسا کہ سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن لائف انشورنس کے جواز کی شرائط بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

جس کمپنی سے یہ معاملہ کیا جائے اگر اس میں کوئی مسلمان بھی شریک ہے تو مطلقاً حرام قطعی ہے کہ قمار ہے اور اس پر جو زیادت ہے ربا، اور دونوں حرام و سخت کبیرہ ہیں۔ اور اگر اس میں کوئی مسلمان اصلاً نہیں تو یہاں جائز ہے جبکہ اس کے سبب حفظ صحت وغیرہ میں کسی معصیت پر مجبور نہ کیا جاتا ہو جواز اس لئے کہ اس میں نقصان کی شکل نہیں، اگر بیس برس تک زندہ رہا پورا روپیہ بلکہ مع زیادت ملے گا، اور پہلے مر گیا تو ورثہ کو اور زیادہ ملے گا مثلاً سال بعد ہی مر گیا تو دیئے ۲۴۶ روپے چار آنے اور ملے ۵۰۰۰ روپے، ہاں یہ ضرور ہے کہ جو زائد ملے ربا سمجھ کر نہ لے بلکہ یہ سمجھے کہ غیر مسلم کا مال اس کی خوشی سے بلا عذر ملا، یہ حلال ہے۔ [فتاوی رضویہ ج ۲۳ ص ۵۹۹]

ایک اور جگہ پر فرماتے ہیں

جبکہ یہ بیمہ گورنمنٹ کرتی ہے اور ان میں اپنے نقصان کی کوئی صورت نہیں تو جائز ہے کوئی حرج نہیں مگر شرط یہ ہے کہ اس کے سبب اس کے ذمے کسی خلافِ شرع احتیاط کی پابندی نہ عائد ہوتی ہو جیسے روزوں یا حج کی ممانعت۔ واللہ تعالٰی اعلم [فتاوی رضویہ ج ۲۳ ص ۶۰۵]

مزید ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں کہ یہ بالکل قمار ہے اور محض باطل کہ کسی عقد شرعی کے تحت میں داخل نہیں، ایسی جگہ عقود فاسدہ بغیر عذر کے جو اجازت دی گئی وہ اس صورت سے مقید ہے کہ ہر طرح ہی اپنا نفع ہو اور یہ ایسی کمپنیوں میں کسی طرح متوقع نہیں لہذا اجازت نہیں کما حقق المحقق علی الاطلاق فی فتح القدیر { جیسا کہ محقق علی الاطلاق نے فتح القدیر میں تحقیق فرمائی } [فتاوی رضویہ ج ۱۷ ص ۳۶۵]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

**کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

**Question:** What do the scholars and muftis of the mighty Sharī'ah say regarding taking out life insurance policies in the UK?

**Answer :**

The money collected from life insurance policies is regarded as a debt with the life insurance company. Anything which is received

back beyond this amount is interest because it is conditioned in the contract. Every debt that brings about a further benefit then that benefit is interest. Just as the Noble Prophet of Allāh (may the peace and blessings of Allāh be upon him) said:

"Every debt that brings about a benefit then it is ribā (interest)"

[al-Jām'i al-Saghīr Hadīth 6336]

Life insurance is also qimār (gambling). This is because if the policy holder fails to pay any one of the instalments then the life insurance company will keep all of the instalments that he has already paid. Life insurance is thus impermissible and prohibited.

My master A'la Hazrat, the Imām of the Ahl al-Sunnah Ahmad Ridā Khān, علیه رحمة الرحمن was asked a question regarding life insurance which he answered by saying this is gambling and to some extent there is a loss of money in this. Even considering the imagined benefit which is hoped for, if the debt is received back, then a company is not foolish enough to give 1000 or 1500 from interest earned, rather it is the lost wealth of others from amongst whom are Muslims also and that money can never be permitted for him in any way.

Allāh (Most Transcendent is He) says:

**{And do not eat up unjustly the property of each other among yourselves}** [Sūrah al-Baqarah Verse 188]

[فتاوی رضویہ ج۱۷ ص۳۸۱]

However in a non-Muslim country life insurance may be permissible with a few conditions:

1.The Life Insurance company owners must all be non-Muslims. There should not be a single Muslim partner/shareholder.

2. The Muslim should be certain it will be beneficial for him i.e. he should have overriding opinion that in his current state he will be able pay the necessary instalment amounts for the designated next 3 years or for a wider time period [i.e the minimum period in the contract after which the amount can be paid out]. This is because an invalid contract (‘aqd fāsid) can only be contracted with a non-Muslim when there is a definite benefit for the Muslim. If the policy is terminated by him before 3 years are completed [or whatever the designated minimum period may be] then all his paid instalments would be lost and this is loss for the Muslim.

3. The Muslim should not be forced into any disobedience due to this undertaking.

Just as my master A’la Hazrat the Imām of the Ahl al-Sunnah Ahmad Ridā Khān عليه رحمة الرحمن while stating the conditions for the permissibility of life insurance has mentioned:

With whichever company this dealing is carried out, if there is even one Muslim partner in it then this dealing is a definite, absolute, harām as it is gambling and whatever increase is gained is interest and these two are harām and severe major sins. If there is absolutely no Muslim [partner] then it is permissible here, as long as in maintaining one’s bodily well-being and other affairs one is not forced into sin. It is permissible as there is no form of loss in it.

If he remains alive for 20 years he will get all his money back, rather, he will gain an additional amount above that. If he passes away before then his inheritors will get even more. For example if he died after a year then he would have given 246 and a quarter rupees in total instalments and 5000 rupees will be returned to them. Yes it is necessary that the increased amount received is not taken as interest but should be considered as a non-Muslim’s wealth being given to him of his own will without any deception, this is permissible.

[فتاوی رضویہ ج23 ص599]

In another place he has mentioned:

When this life insurance is run by the government and there is no form of loss to oneself then this is permissible and there is no harm in that. However the condition is that as a result of it there is no precautionary measure binding upon him which opposes the Sharī’ah such as the forbiddance of Fasting or Hajj.

[فتاوی رضویہ ج23 ص605]

Furthermore in answer to another question he says:

This is gambling absolutely and completely false as it does not fall under any Sharī’ah transaction. In such a place the permissibility of invalid transactions without an excuse is conditioned with it being in such a form that from every perspective there should be self-benefit and this is not expected from such companies, therefore there is no permissibility just as the absolute Research Scholar [al-Imām ibn al-Humām] has researched in Fath al-Qadīr.

[فتاوی رضویہ ج17 ص365]

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری**